**[AS PASSED BY THE MAJLIS-E-SHOORA (PARLIAMENT)]**

A

Bill

*to repeal the Pakistan International Airlines Corporation (Conversion) Act, 2016*

**WHEREAS**, it is expedient to repeal the Pakistan International Airlines Corporation (Conversion) Act, 2016 (XV of 2016) in the manner and for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows: –

1. **Short title and commencement.** – (1) This Act shall be called the Pakistan International Airlines Corporation (Conversion) (Repeal) Act, 2026.

(2) It shall come into force at once.

2. **Repeal of Act XV of 2016.**– (1) The Pakistan International Airlines Corporation (Conversion) Act, 2016 (XV of 2016), except sub-section (1) of section 7 is hereby repealed.

(2) Notwithstanding the repeal of the Pakistan International Airlines Corporation (Conversion) Act, 2016 (XV of 2016), the conversion of the Pakistan International Airlines Corporation into a public company, all orders made, actions taken, arrangements entered into, transfers effected, licenses, permissions, sanctions, authorizations, concessions and approvals granted and all proceedings continued under any of the powers conferred or exercised under the aforementioned Act of 2016, together with any right, privilege, obligation or liability acquired, accrued or incurred thereunder shall be deemed always to have been lawfully and validly made, taken, issued, vested or transferred and shall continue to be in force.

(3) The particulars mentioned under sub-section (2) or in any other section of this Act shall not prejudice the general application of section 6 of the General Clauses Act, 1897 (X of 1897).

<u>STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS</u>

<u>REPEAL OF PIAC CONVERSION ACT PRIVATIZATION OF PIACL</u>

1. PIACL was corporatised by the Pakistan International Airlines Corporation (Conversion) Act 2016 (XV of 2016). The purpose was to facilitate its privatization.
2. The validity period under PIAC Conversion Act was extended by the Federal Cabinet to 30th June 2026, under which, the 7 immoveable properties were duly transferred from PIACL to PIAHCL vide Gazette Notification dated 6th March 2026.
3. Now, the PIAC Conversion Act has fulfilled its purpose and repeal of the said Act is one of the Conditions Precedent to ensure successful divestment of PIACL.
4. Moreover, the Conditions Precedent have been enshrined under the Cabinet-approved Share Purchase and Subsciption Agreement (SPSA), which has been executed by all stakeholders.
5. Therefore, in accordance with the decision of the Federal Government and in compliance with the provisions of the SPSA, the repeal of the said Act is sought through introduction of the Pakistan International Airlines Corporation (Conversion) (Repeal) Act, 2026.

(Khawaja Muhammad Asif)
Federal Minister for Defence

[سینیٹ کی جانب سے منظور کردہ صورت میں]

## پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز کارپوریشن (تبدیلی) ایکٹ، ۲۰۱۶ء کو منسوخ کرنے کا بل

چونکہ یہ امر قرینِ مصلحت ہے کہ پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز کارپوریشن (تبدیلی) ایکٹ، ۲۰۱۶ء (نمبر ۱۵ بابت ۲۰۱۶ء) کو حسبِ ذیل طریقہ اور مقاصد کے لیے منسوخ کیا جائے؛

لٰہذا بذریعہ ہذا حسبِ ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:۔** (۱) ایکٹ ہذا پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز کارپوریشن (تبدیلی) (منسوخی) ایکٹ، ۲۰۲۶ء کے نام سے موسوم ہو گا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہو گا۔

۲۔ **ایکٹ نمبر ۱۵ بابت ۲۰۱۶ء کی منسوخی:۔** (۱) پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز کارپوریشن (تبدیلی) ایکٹ، ۲۰۱۶ء (نمبر ۱۵ بابت ۲۰۱۶ء)، ماسوائے دفعہ ۷ کی ذیلی دفعہ (۱)، ابذریعہ ہذا منسوخ کیا جاتا ہے۔

(۲) پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز کارپوریشن (تبدیلی) ایکٹ، ۲۰۱۶ء (نمبر ۱۵ بابت ۲۰۱۶ء) کی منسوخی کے باوجود، پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز کارپوریشن کا ایک عوامی کمپنی میں تبدیل ہونا، نیز مذکورہ ۲۰۱۶ء کے ایکٹ کے تحت تفویض کردہ یا استعمال شدہ اختیارات کے تحت کیے گئے تمام احکامات، اٹھائے گئے اقدامات، طے پانے والے انتظامات، مؤثر بنائی گئی منتقلیاں، جاری کردہ لائسنس، اجازت نامے، منظوریات، اختیارات، رعایتیں اور توثیقات، اور جاری رکھی گئی تمام کارروائیاں، نیز اس کے تحت حاصل کردہ، مستحق شدہ یا عائد ہونے والے تمام حقوق، مراعات، فرائض اور ذمہ داریاں، ہمیشہ سے قانوناً اور درست طور پر کیے گئے، اختیار کیے گئے، جاری کیے گئے، منتقل کیے گئے یا منتقل شدہ تصور ہوں گے اور بدستور نافذ العمل رہیں گے۔

(۳) ذیلی دفعہ (۲) یا اس ایکٹ کی کسی دوسری دفعہ میں مذکور تفصیلات، عمومی توضیحات ایکٹ، ۱۸۹۷ء (نمبر ۱۰ بابت ۱۸۹۷ء) کی دفعہ ۶ کے عمومی اطلاق پر اثر انداز نہیں ہوں گی۔

### بیانِ اغراض و وجوہ
### پی آئی اے سی تبدیلی ایکٹ کی منسوخی اور پی آئی اے سی ایل کی نجکاری

۱۔ پی آئی اے سی ایل کو پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز کارپوریشن (تبدیلی) ایکٹ، ۲۰۱۶ء (نمبر ۱۵ بابت ۲۰۱۶ء) کے ذریعے کارپوریٹ ادارے کی شکل دی گئی تھی۔ اس کا مقصد ادارے کی نجکاری میں سہولت فراہم کرنا تھا۔

۲۔ پی آئی اے سی تبدیلی ایکٹ کے تحت میعادِ نفاذ کو وفاقی کابینہ نے ۳۰ جون ۲۰۲۶ء تک توسیع دی تھی، جس کے تحت سات (۷) غیر منقولہ جائیدادیں گزٹ نوٹیفکیشن مورخہ ۶ مارچ ۲۰۲۶ء کے ذریعے پی آئی اے سی ایل سے پی آئی اے ایچ سی ایل کو باقاعدہ منتقل کر دی گئی ہیں۔

۳۔ اب پی آئی اے سی تبدیلی ایکٹ اپنا مقصد پورا کر چکا ہے اور مذکورہ ایکٹ کی منسوخی پی آئی اے سی ایل میں حصص کی کامیاب فروخت کو یقینی بنانے کے لیے پیشگی شرائط میں سے ایک ہے۔

۴۔ مزید برآں، یہ پیشگی شرائط کابینہ سے منظور شدہ حصص کی خرید و فروخت اور سبسکرپشن معاہدہ (ایس پی ایس اے) میں شامل کی جا چکی ہیں، جس پر تمام متعلقہ فریقین عمل درآمد کر چکے ہیں۔

۵۔ لہٰذا، وفاقی حکومت کے فیصلے کے مطابق اور ایس پی ایس اے کی دفعات کی تعمیل میں، پاکستان انٹرنیشنل ایئر لائنز کارپوریشن (تبدیلی) (منسوخی) ایکٹ، ۲۰۲۶ء متعارف کرا کے مذکورہ ایکٹ کی منسوخی مطلوب ہے۔

(خواجہ محمد آصف)
وفاقی وزیر برائے دفاع